© rasailojaraid.com



اس مفید اور دلچسپ کتاب کے باقی حصے بھی جلد شائع کرے گی۔ اور اس جلد میں طباعت و کتا
کی جو غلطیاں رہ گئی ہیں باقی جلدوں کو اس قسم کی غلطیوں سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرے

کتاب الہند | جلد دوم۔ مترجمہ سید اصغر علی صاحب تقطیع متوسط ضخامت ۴۴۴ صفحا
کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد للعہ غیر مجلد ہے شائع کردہ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

یہ کتاب ابوریحان البیرونی کی مشہور و معروف کتاب الہند کے اردو ترجمہ کی دوسری
جو باب ۳۱ سے لیکر باب ۸۰ تک یعنی پچاس ابواب پر مشتمل ہے۔ ان ابواب میں ہندوؤں
سال، مہینے اور ان کی تقسیم۔ مذہبی اور سوشل رسوم عورتوں اور مردوں کے لئے مذہبی احکا
اُن کے قومی عادات وخصائل، تیر تہوار، ہندوؤں کا علم النجوم۔ مذہبی پیشواؤں کے فرائض
ان کی خصوصیات وغیرہ وغیرہ مسائل پر نہایت محققانہ اور فاضلانہ انداز میں روشنی ڈالی گئ
یہ کتاب عوام کے کام کی نہیں۔ جو لوگ ریاضیات اور علم نجوم و افلاک سے اچھی طر
واقف ہیں لیکن اصل کتاب کو نہیں پڑھ سکتے وہ اس سلیس و شگفتہ اردو ترجمہ کی مدد
اس بے مثل کتاب سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

الف لیلہ و لیلہ حصہ سوم | مترجمہ ڈاکٹر ابوالحسن منصور احمد صاحب مرحوم تقطیع متو
ضخامت ۵۵۵ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد صر غیر مجلد چار روپے
شائع کردہ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

یہ کتاب عربی زبان کی مشہور افسانوی کتاب الف لیلۃ و لیلہ کے اردو ترجمہ کی تیسری
ہے اس میں دو سو بیسویں شب سے لے کر چار سو اکٹھویں شب تک کی یعنی دو سو اکتالیس
کہانیاں آگئی ہیں۔ اگرچہ کہنے کو یہ محض کہانیاں ہیں۔ تاہم بعض بعض جگہ بڑے کام کی اور مف
واخلاق آموز باتوں کا بھی ذکر آگیا ہے۔ ترجمہ دلچسپ اور شگفتہ ہے کہ بالکل اصل کا سا
لطف آتا ہے۔

© rasailojaraid.com